

10TH BSEB EXAM 2024
URDU اُردو
15 फ़रवरी
SUBJETIVES
2 Marks के सभी सवाल
20 अंक यहाँ से आएगा
ASHFAQUE ALAM

سوال.1. شبنم کمالی کی تین شعری مجموعوں کے نام بتایئے؟

جواب: (۱) انوار عقیدت (۲) ریاض عقیدت (۳) ضیائے عقیدت

سوال.2. حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟

جواب: حمد میں خدا کی تعریف کی جاتی ہے اور نعت میں حضور صلعم یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کی جاتی ہے۔ دونوں کی تعریف سے فرق سے ظاہر ہو گیا۔

سوال.3. حمد میں کس کی تعریف ہوتی ہے؟

جواب: حمد میں خدا کی تعریف کی جاتی ہے۔

سوال.4. قصیدہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس نظم میں بزرگان دین اور اولیائے کریم کی تعریف کی جائے اسے قصیدہ کہتے ہیں

سوال.5. "نعت" کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس نظم میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف کی جائے اسے نعت کہتے ہیں۔

سوال.6. شبنم کمالی کب پیدا ہوئے؟

جواب۔ شبنم کمالی ۲ جولائی ۱۹۳۸ء میں پیدا ہوئے۔

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.7. شبنم کمالی کہاں پیدا ہوئے؟

جواب- شبنم کمالی سیتامڑھی ضلع کے پوکھریرا گاؤں میں پیدا ہوئے-

سوال.8. شبنم کمالی کا انتقال کب ہوا؟

جواب- شبنم کمالی کا انتقال ۲۰۰۴ میں ہوا-

سوال.9. کائنات کی تخلیق کس نے کی ہے؟

جواب- کائنات کی تخلیق اللہ تعالیٰ نے کی ہے-

سوال.10. انسان کی مشکلوں کو کون حل کرتا ہے؟

جواب- انسان کی مشکلوں کو اللہ تعالیٰ حل کرتا ہے-

سوال.11. شبنم کمالی کا اصل نام کیا ہے؟

جواب- شبنم کمالی کا اصل نام مصطفیٰ رضا ہے-

سوال.12. رقیہ بھابھی کے جس دیور کا کردار کہانی میں پیش کیا گیا ہے اس کا نام بتائیں؟

جواب: رقیہ بھابھی کے جس دیور کا کردار کہانی میں پیش کیا گیا ہے اس کا نام اختر تھا۔

سوال.13. سہیل عظیم آبادی کا اصل نام لکھئے؟

جواب: سہیل عظیم آبادی کا اصل نام سید مجیب الرحمٰن تھا۔

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.14. بھابھی جان نے دل بہلانے کے لئے کون سا مشغلہ اختیار کیا تھا؟

جواب: بھابھی جان نے دل بہلانے کیلئے سوئیٹر بننے اور ٹیوشن پڑھانے کا مشغلہ اختیار کیا تھا۔

سوال.15. رقیہ بھابھی کس لڑکی کی تعلیم کا خرچ خود برداشت کرتی تھیں اور کیوں؟

جواب: رقیہ بھابھی شمی نام کی لڑکی کی تعلیم کا خرچ خود برداشت کرتی تھیں۔ اس لئے کہ وہ لڑکی بہت غریب گھرانے کی تھی۔ تعلیم کا خرچ نہیں اٹھا سکتی تھی۔

سوال.16. اردو کے دو افسانہ نگاروں کے نام بتایئے؟

جواب: اردو کے دو افسانہ نگاروں کے نام سہیل عظیم آبادی اور نگار عظیم ہیں۔

سوال.17. رقیہ بھابھی کے شوہر کو بار بار کیوں جیل جانا پڑتا تھا؟

جواب: رقیہ بھابھی کے شوہر کو بار بار اس لئے جیل جانا پڑتا تھا کیونکہ وہ تحریک جنگ آزادی کے سرگرم رکن تھے۔ اسی لئے حکومت برطانیہ انہیں بار بار قید کرتی تھی۔

سوال.18. رقیہ بھابھی کے شوہر کیا کرتے تھے؟

جواب: رقیہ بھابھی کے شوہر تحریک جنگ آزادی کے سرگرم رکن تھے۔

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.19. سہیل عظیم آبادی کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

جواب: سہیل عظیم آبادی کا افسانہ "بھابھی جان" ہمارے نصاب میں شامل ہے۔

سوال.20. اردو کے کسی پانچ افسانہ نگاروں کے نام لکھئے؟

جواب: اردو کے پانچ افسانہ نگاروں کے نام درج ذیل ہیں۔

سہیل عظیم آبادی، قمر جہاں، ڈاکٹر محمد محسن، نگار عظیم، شکیلہ اختر

سوال.21. "بھابھی جان" کس کا افسانہ ہے؟

جواب: بھابھی جان سہیل عظیم آبادی کا افسانہ ہے۔

سوال.22. بھابھی جان کا کیا نام ہے؟

حواب: بھابھی جان کا نام رقیہ خاتون ہے۔

سوال.23. غریب اور بے سہارا بچوں کی مدد کرنا کن کا محبوب مشغلہ تھا؟

حواب: غریب اور بے سہارا بچیوں کی مدد کرنا رقیہ بھابھی کا محبوب مشغلہ تھا۔

سوال.24. اختر کون ہے؟

جواب: اختر افسانہ بھابھی جان کا ایک کردار ہے جو رقیہ بھابھی کا دیور ہے۔

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال25. سہیل عظیم آبادی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب- سہیل عظیم آبادی ۱۹۱۱ء میں پٹنہ میں پیدا ہوئے-

سوال.26. سہیل عظیم آبادی کے بچپن کا نام کیا تھا؟

جواب- سہیل عظیم آبادی کے بچپن کا نام مجیب الرحمن تھا-

سوال.27. سہیل عظیم آبادی کے افسانوں کے پہلے مجموعہ کا نام کیا تھا اور وہ کس سال شائع ہوا؟

جواب- . سہیل عظیم آبادی کے افسانوں کے پہلے مجموعہ "چار چہرے" ہے اور وہ تقریباً ١٩٣٤ء میں شائع ہوا-

سوال28. سہیل عظیم آبادی کی ابتدائی تعلیم کس مدرسے میں ہوئی؟

جواب- سہیل عظیم آبادی کی ابتدائی تعلیم بھدولی گاؤں کے مدرسے میں ہوئی-

سوال.29. سید محمد محسن کے اس افسانوی مجموعہ کا نام بتایئے جو اردو دنیا میں کافی مقبول و معروف ہوا؟

جواب: سید محمد محسن کے اس افسانوی مجموعہ کا نام "انوکھی مسکراہٹ" ہے-

سوال.30. کیا محمود نے اپنے دوست عظیم کے مشورہ پر عمل کیا تھا؟

جواب: ہاں! محمود نے اپنے دوست عظیم کے مشورہ پر عمل کیا تھا-

سوال.31.ڈاکٹر محمّد محسن کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟

جواب- ڈاکٹر محمّد محسن کی پیدائش پٹنہ میں ہوئی-

سوال.32. ڈاکٹر محمّد محسن کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟

جواب- ڈاکٹر محمّد محسن کی تاریخ پیدائش ۱۰ جولائی ۱۹۱۰ء ہے-

سوال33. زیر نصاب افسانوں میں ڈاکٹر محمّد محسن کا کون سا افسانہ ہے؟

جواب- زیر نصاب افسانوں میں ڈاکٹر محمّد محسن کا افسانہ فرار ہے-

سوال.34. ڈاکٹر محمّد محسن کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب- ڈاکٹر محمّد محسن کے والد کا نام سید محمّد رشید تھا-

سوال.35.ڈاکٹر محمّد محسن کس موضوع پر مہارت رکھتے تھے؟

جواب- ڈاکٹر محمّد محسن نفسیات کے موضوع پر مہارت رکھتے تھے-

سوال36. قمر جہاں کے افسانہ کا عنوان "کٹی ہوئی شاخ" کیوں ہے؟

جواب: قمر جہاں کے افسانہ کا عنوان "کٹی ہوئی شاخ" اس لئے ہے کہ اس کا مرکزی کردار خلیجی ممالک میں روپئے کمانے کے ہوس میں اپنے سماج سے کٹ کر رہ جاتا ہے-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.37. صنف افسانہ کی دو مشہور خصوصیات بیان کیجئے؟

جواب: صنف افسانہ قصہ گوئی کی ایک قسم ہے جس کی پہلی خصوصیت اختصار ہے اور دوسری خصوصیت زمان و مکان کا اتحاد ہے۔ یعنی واقعات کی تفصیل کرداروں کے گفتگو، منظر و ماحول کی پیش کش کے مطابق ہو۔

سوال.38. بہار کے عہد حاضر کے دو افسانہ نگاروں کے نام لکھئے؟

جواب: بہار کے عہد حاضر کے دو افسانہ نگاروں کے نام شفیع جاوید اور قاسم خورشید ہیں۔

سوال.39. اردو کے کسی دو خواتین افسانہ نگار کے نام لکھے؟

جواب: اردو کے دو خواتین افسانہ نگاروں کے نام قمر جہاں اور شکیلہ اختر ہے۔

سوال.40. قمر جہاں کی پیدائش کب ہوئی؟

جواب- قمر جہاں کی پیدائش ۱۹۵۱-۵۲ میں ہوئی۔

سوال.41. قمر جہاں کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: . قمر جہاں کے والد کا نام سید عطا الحق تھا۔

سوال42. قمر جہاں کا پیدائشی تعلق صوبہ بہار کے کس ضلع سے ہے؟

جواب- قمر جہاں کا پیدائشی تعلق صوبہ بہار کے سمستی پور ضلع سے ہے۔

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال43. قمر جہاں کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

جواب- قمر جہاں کا افسانہ "کٹی ہوئی شاخ" ہمارے نصاب میں شامل ہے-

سوال44. قمر جہاں کس یونیورسٹی میں استاد ہیں؟

جواب- قمر جہاں بھاگلپور یونیورسٹی میں استاد ہیں-

سوال45. نگار عظیم کا اصل نام کیا ہے؟

جواب- نگار عظیم کا اصل نام ملکہ مہر نگار ہے-

سوال46. نگار عظیم نے کس کس موضوع میں ایم اے کیا؟

جواب- نگار عظیم نے اردو کے ساتھ ڈرائنگ اور پینٹنگ میں بھی ایم اے کیا-

سوال47. نگار عظیم کے اولین افسانوی مجموعے کے نام کیا ہے؟

جواب- نگار عظیم کے اولین افسانوی مجموعے کے نام "عکس" ہے-

سوال48. نگار عظیم کا مجموعہ گہن کب شائع ہوا؟

جواب- نگار عظیم کا مجموعہ گہن ۱۹۹۹ء میں شائع ہوا-

سوال49. نگار عظیم کے سفر نامہ کے نام کیا ہے؟

جواب- نگار عظیم کے سفر نامہ کے نام "گرد آوارگی" ہے-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.50. گلوبل وارمنگ کیسا مسئلہ ہے؟

جواب– گلوبل وارمنگ ایک سنگین مسئلہ ہے–

سوال.51. بال وگیان کانگریس ۲۰۰۸ء میں بھارت کے کس شہر میں منعقد ہوا؟

جواب- بال وگیان کانگریس ۲۰۰۸ء میں بھارت کے دیماپور شہر میں منعقد ہوا–

سوال.52. کیوٹو میں گلوبل وارمنگ پر کانفرنس کب ہوئی؟

جواب- کیوٹو میں گلوبل وارمنگ پر کانفرنس ۲۰۰۷ء میں ہوئی

سوال.53. گلوبل وارمنگ سے بچنے کے لئے طلبہ کو عبد الکلام صاحب نے کون سا جادوئی منتر بتایا؟

جواب: گلوبل وارمنگ سے بچنے کے لئے طلبہ کو عبد الکلام صاحب نے کثرت سے درخت کا پودا لگانے کا جادوئی منتر بتایا–

سوال.54. زمین کے درجہ حرارت میں کاربن ڈائی آکسائڈ اور میتھین گیسوں کا کتنا اضافہ ہوا ہے؟

جواب: زمین کے درجہ حرارت میں کاربن ڈائی آکسائڈ اور میتھین گیسوں کا $0.75^0$ C کا اضافہ ہوا ہے–

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.55.ریاکاری کا مطلب سر سید نے کیا کہا ہے؟

جواب: سر سید کے مطابق ریاکاری کا مطلب یہ ہے کہ انسانی دماغ کے اس داخلی پیچید گی کو ریا کہتے ہیں جو کبھی دوستوں کی جھوٹی تعریف اور عیب جوئی سے پیدا ہوتی ہے جس کے نتیجہ میں آدمی ذہنی تناؤ کا شکار ہو جاتا ہے-

سوال.56.سر سید کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب: سر سید کی پیدائش 1817ء میں دلی میں ہوئی-

سوال.57.رسالہ "تہذیب الاخلاق" کا تعلق کس تحریک سے ہے؟

جواب: رسالہ: تہذیب الاخلاق" کا تعلق علی گڑھ تحریک سے ہے-

سوال.58. سر سید والدہ کا نام کیا تھا؟

جواب- سر سید کی والدہ کا نام عزیز النساء بیگم تھا؟

سوال.59. سر سید کا کون کا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

جواب- سر سید کا مضمون "ریا" ہمارے نصاب میں شامل ہے-

سوال.60. سر سید کی وفات کب ہوئی؟

جواب- سر سید کی وفات ۱۸۹۸ء میں ہوئی-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.61.  "ادب برائے ادب" کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

جواب: "ادب برائے ادب" کا مطلب ہوتا ہے ادب کی تخلیق ادب کے فروغ کے لئے کی جائے۔

سوال.62.ڈاکٹر عبدالمغنی کس چیز کے پروفیسر تھے؟

جواب:ڈاکٹر عبدالمغنی انگریزی کے پروفیسر تھے۔

سوال.63.اردو کے کسی دو نثر نگار کا نام لکھئے؟

جواب: اردو کے دو نثر نگار کا نام اختر اورینوی اور وہاب اشرفی ہے۔

سوال.64.  نصاب میں شامل مضمون "ادب کی پہچان" کے مضمون نگار کون ہیں؟

جواب– نصاب میں شامل "ادب کی پہچان" کے مضمون نگار ڈاکٹر عبدالمغنی ہیں۔

سوال.65.  ڈاکٹر عبدالمغنی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب– ڈاکٹر عبدالمغنی کی پیدائش اورنگ آباد میں ١٩٣٤ء میں ہوئی۔

سوال.66.  ڈاکٹر عبدالمغنی کی دو کتابوں کے نام لکھیں؟

جواب– ڈاکٹر عبدالمغنی کی دو کتابوں کے نام

(١) جادہ اعتدال (٢) تشکیل جدید

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.67. ڈاکٹر عبد المغنی نے کس مدرسے سے اور کہاں تک تعلیم حاصل کی ؟

جواب– ڈاکٹر عبد المغنی نے مدرسہ شمس الہدی پٹنہ میں درجہ عالم تک تعلیم حاصل کی–

سوال.68. ڈاکٹر عبد المغنی نے اپنی ملازمت کا آغاز کس کالج سے کیا؟

جواب– ڈاکٹر عبد المغنی نے اپنی ملازمت کا آغاز پٹنہ کالج سے کیا–

سوال.69. بھیم راؤ امبیڈکر کے ساتھ طلبہ اور اساتذہ کا سلوک کیسا تھا؟

جواب: بھیم راؤ امبیڈکر کے ساتھ طلبہ اور اساتذہ کا سلوک حقارت آمیز تھا–

سوال.70. بھیم راؤ کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

جواب: بھیم راؤ کی پیدائش 14 اپریل 1891ء کو صوبہ مہاراشٹر کے مہو، سنٹرل انڈیا میں ہوئی–

سوال.71. بھیم راو امبید کر کے والدین کے نام لکھئے ؟

جواب– بھیم راو امبید کر کے والد کا نام رام جی مالو جی سکپال اور والدہ کا نام بھیم بائی تھا–

سوال.72. بھیم راو کے والد فوج میں کس عہدے سے سبکدوش ہوئے ؟

جواب– بھیم راو امبید کر کے والد جس وقت فوج کے عہدے سے سبکدوش ہوئے تو وہ دوسرے گریڈ میں صوبے دار میجر کے عہدے پر فائز تھے–

سوال.73. بھیم راو کی شادی کس عمر میں اور کس سے ہوئی؟

جواب- بھیم راو کی شادی چودہ سال کی عمر میں۹ سال کی لڑکی رامابائی سے ہوئی-

سوال.74. بی-اے کرنے کے لئے بھیم راو نے کس کالج میں داخلہ لیا؟

جواب- بی-اے کرنے کے لئے بھیم راو نے ایلفیسٹن کالج میں داخلہ لیا-

سوال.75. بودھ مذہب میں نروان کا کیا تصور ہے؟

جواب: بودھ مذہب میں نروان کا مطلب خدا کی ذات کا عرفان حاصل کرنا ہے-

سوال.76. لطف الرحمن کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب- لاتب الرحمن کی پیدائش چھپرا ضلع کے بنیار گاؤں میں١٩٤١ء میں ہوئی-

سوال.77. "رستم وسہراب" کے ڈراما نگار کون ہیں؟

جواب: "رستم وسہراب" کے ڈرامہ نگار آغا حشر کشمیری ہیں-

سوال.78. لطف الرحمن کس پارٹی کے وزیر اور ام.ایل.اے رہے؟

جواب- لطف الرحمن راشٹریہ جانتا دال پارٹی کے وزیر اور ام.ایل.اے رہے-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.79. لطف الرحمن کی کسی دو کتابوں کا نام لکھئے ؟

جواب- لطف الرحمن کی دو کتابوں کا نام-

(۱) تازگی برگ و نوا (۲) تعبیر و تنقید

سوال.80. لطف الرحمٰن کی دو کتابوں کے نام لکھئے ؟

جواب: لطف الرحمٰن کی دو کتابوں کے نام جدیدیت کی جمالیات اور نقد نگاہ ہے-

سوال.81. ڈاکٹر لطف الرحمٰن کا جو مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے اس کا نام لکھئے ؟

جواب: ڈاکٹر لطف الرحمٰن کا جو مضمون ہمارے نصاب میں شامل ہے اس کا نام اردو ڈراما نگاری اور آغا حشر ہے-

سوال.82. آغا حشر کا تعلق اردو ادب کے کس صنف سے ہے ؟

جواب: آغا حشر کا تعلق اردو ادب کے صنف ڈراما سے ہے-

سوال.83. آغا حشر کشمیری کے دو ڈراموں کا نام لکھئے ؟

جواب: آغا حشر کشمیری کے دو ڈراموں کا نام سلور کنگ اور رستم و سہراب ہے-

سوال.84. ڈراما کی تکمیل کا لازمی عنصر کیا ہے ؟

جواب- ڈراما کی تکمیل کا لازمی عنصر اسٹیج ہے-

سوال.85. سورج گرہن کسے کہتے ہیں؟

جواب: سورج گرہن اس صورتحال کو کہتے ہیں جب چاند اپنے گردش کے دوران سورج اور زمین کے درمیان آجائے۔

سوال.86. آریہ بھٹ کی پیدائش کہاں ہوئی؟

جواب: آریہ بھٹ کی پیدائش پٹنہ شہر کے مغرب میں واقع کھگول میں ہوئی۔

سوال.87. ہندوستان میں گپت دور کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: ہندوستان میں گپت دور کو سنہرا دور کہا جاتا ہے۔

سوال.88. نذیر احمد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: نذیر احمد کی پیدائش ضلع بجنور کے افضل گڑھ پرگنہ کی بستی کوریٹر میں 1836ء میں ہوئی۔

سوال.89. صنف ناول کی کوئی دو خصوصیات بتائے؟

جواب: ناول کی دو خصوصیات پلاٹ اور کردار ہے جس میں کسی شخص کی پوری زندگی کے حالات پر کرداروں کے ذریعہ روشنی ڈالی جاتی ہے۔

سوال.90. نذیر احمد کا کون سا ناول آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

جواب: نذیر احمد کا ناول توبتہ النصوح ہمارے نصاب میں شامل ہے۔

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.91. اردو کے کسی پانچ ناولوں کے نام لکھئیے ؟

جواب: اردو کے پانچ ناول ہیں-

(i) توبتہ النصوح (ii) ابن الوقت (iii) فردوس بریں (iv) خدا کی بستی (v) آنگن

سوال.92. حمیدہ نے پوچھا خدا کیا ہے اور عبادت کیا ہے ؟ یہ سوال کس سے کیا گیا تھا؟

جواب: یہ سوال فہمیدہ سے کیا گیا تھا-

سوال.93. نذیر احمد کے کسی دو ناول کا نام لکھئے ؟

جواب- نذیر احمد کے کسی دو ناول کا نام-

(۱) ابن الوقت (۲) توبتہ النصوح

سوال.94. فہمیدہ اور حمیدہ نصوح کی کون تھی ؟

جواب- فہمیدہ نصوح کی بیوی تھی اور حمیدہ نصوح کی بیٹی تھی-

سوال.95. نذیر احمد نے کس کی تعلیم و تربیت کے لئے ناول لکھے ؟

جواب- نذیر احمد نے اپنی بیٹیوں کی تعلیم و تربیت کے لئے ناول لکھے-

سوال.96. زیر نصاب ناول کے اقتباس سے دو کرداروں کے نام لکھئے ؟

جواب- زیر نصاب ناول کے اقتباس سے دو کردار نصوح اور حمیدہ ہیں-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.97. غالب کی سنہ پیدائش کیا ہے؟

جواب- غالب کی سنہ پیدائش ۱۸۹۷ء میں ہوئی-

سوال.98. مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے؟

جواب- مرزا غالب آگرہ میں پیدا ہوئے-

سوال.99. غالب کے اردو میں دو خطوط کے مجموعے کا نام لکھئے؟

جواب: غالب کے اردو میں دو خطوط کے مجموعے کا نام اردوئے معلٰی اور عود ہندی ہے-

سوال.100. "میں نے مراسلہ کو مکالمہ بنادیا ہے" یہ قول کس کا ہے؟

جواب: "میں نے مراسلہ کو مکالمہ بنادیا ہے" یہ قول اردو کے مشہور شاعر مرزا غالب کا ہے-

سوال.101. غالب کے آباواجداد کہاں سے ہندوستان آئے تھے؟

جواب: غالب کے آباواجداد ایران سے ہندوستان آئے تھے-

سوال.101. غالب کی پرورش کس کے زیر سایہ ہوئی؟

جواب: غالب کی پرورش ان کے چچا نصراللہ بیگ خان کے زیر سایہ ہوئی-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.102. غالب نے کتنے خط لکھے ؟

جواب– غالب نے ۹۰۰ خطوط لکھے–

سوال.103. شہباز کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

جواب– شہباز کی پیدائش ۱۸٦۰ ء کے اس پاس باڑھ میں ہوئی–

سوال.104. شہباز کی کتنی شادیاں ہوئیں اور انکی بیویوں کے نام کیاہیں ؟

جواب– شہباز کی دوشادیاں ہوئیں اور انکی بیویوں کے نام شمس النساء بیگم اور اشرف النساء ہیں–

سوال.105. شہباز کی دو کتابوں کے نام بتایئے ؟

جواب– شہباز کی دو کتابوں کے نام–

(۱) رباعیات شہباز (۲) تفریح القلوب

سوال.106. شہباز نے شاعری میں کن شعراء کی تقلید کی ہے ؟

جواب– شہباز نے شاعری میں حالی اور اکبر الہ آبادی کی تقلید کی ہے–

سوال.107. شہباز نے شامل نصاب مکتوب میں جس بچی کو مخاطب کیا ہے اس کا نام لکھئے ؟

جواب– شہباز نے شامل نصاب مکتوب میں اپنی بیٹی "صغریٰ" کو مخاطب کیا ہے–

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.108.مکتوب کی تعریف کیجئے؟

جواب: مکتوب فارسی زبان کا لفظ ہے جسے اردو میں خط کہتے ہیں- خط اردو کی اس تحریری شکل کو کہتے ہیں جس میں ایک شخص اپنے دل کے جذبات کو تحریر کی زبان میں پیش کرتا ہے جبکہ مکتوب نگار کا مخاطب اس کے سامنے موجود نہیں رہتا ہے-

سوال .109. مہدی افادی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب- مہدی افادی گورکھپور میں۱۸۲۸ء میں پیدا ہوئے؟

سوال.110. مہدی افادی نے کتنی شادیاں کیں؟

جواب- مہدی افادی نے تین شادیاں کیں-

سوال.111.مہدی افادی کو اردو کے علاوہ کن کن زبانوں میں مہارت حاصل تھی؟

جواب- مہدی افادی کو اردو کے علاوہ فارسی اور انگریزی زبانوں میں مہارت حاصل تھی-

سوال.112.مہدی افادی کی بیگم کا نام کیا تھا؟اور وہ کس نام سے مشہور ہوئی تھیں؟

جواب: مہدی افادی کی بیگم کا نام عظیم النساء تھا جو بیگم مہدی کے نام سے مشہور ہوئی تھیں-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.113. مہدی افادی کا اصل نام کیا ہے؟

جواب- مہدی افادی کا اصل نام مہدی حسن ہے-

سوال114: راجندر سنگھ بیدی کب پیدا ہوئے؟

جواب: راجندر سنگھ بیدی 1915ء کو لاہور میں پیدا ہوئے-

سوال.115. انٹرویو لینے والے کا نام کیا ہے؟

جواب- انٹرویو لینے والے کا نام عصمت چغتائی-

سوال.116. کس کا انٹرویو لیا گیا؟

جواب- راجندر راسنگھ کا انٹرویو لیا گیا-

سوال.117. راجندر راسنگھ سنگھ بیدی کس شہر میں پیدا ہوئے تھے؟

جواب- راجندر راسنگھ بیدی لاہور میں پیدا ہوئے تھے-

سوال.118. بیدی کے پہلے افسانے کے نام کیا ہے؟

جواب- بیدی کے پہلے افسانے کا نام "مہارانی کا تحفہ" ہے-

سوال.119. بیدی کی موت کب ہوئی؟

جواب: بیدی کی موت 1984ء میں ہوئی-

سوال.120. چکبست کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب: چکبست کا انتقال رائے بریلی میں 1926ء میں ہوا-

سوال.121. نظم کی مختصر تعریف کیجئے؟

جواب: نظم کی مختصر تعریف یہ ہے کہ شاعری کی ایک اہم صنف ہے جس میں کسی خاص موضوع پر مسلسل خیالات پیش کئے جاتے ہیں- نظم میں عنوان کا ہونا ضروری ہے- نظم کے تمام اشعار فکری اعتبار سے ایک دوسرے سے مربوط ہوتے ہیں-

سوال.122. چکبست نے کون کون سی ڈگریاں حاصل کیں؟

جواب- چکبست نے بی.اے. پاس کرنے کے بعد وکالت کی ڈگری حاصل کیں-

سوال.123. چکبست کا انتقال کس بیماری میں ہوا؟

جواب- چکبست کا انتقال دماغ پر فالج کا حملہ ہونے کے نتیجہ میں ہوا-

سوال.124. چکبست کی کون سی نظم ہمارے نصب میں شامل ہے؟

جواب- چکبست کی نظم "مناظر قدرت" ہمارے نصاب میں شامل ہے-

سوال.125. چکبست کا پورا نام کیا تھا؟

جواب- چکبست کا پورا نام پنڈت برج نارائن چکبست تھا-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.126. جگن ناتھ آزاد کب پیدا ہوئے؟

جواب- جگن ناتھ آزاد ۵ دسمبر ۱۹۱۸ء میں پیدا ہوئے-

سوال.127. جگن ناتھ آزاد کے والد کا نام کیا ہے؟

جواب- جگن ناتھ آزاد کے والد کا نام تلک چند محروم تھا-

سوال.128. تاج محل کس مغل بادشاہ نے تعمیر کرائی تھی؟

جواب- تاج محل شاہ جہاں بادشاہ نے تعمیر کرائی تھی-

سوال.129. مغل بادشاہ شاہ جہاں نے تاج محل کیوں تعمیر کی؟

جواب: مغل بادشاہ شاہ جہاں نے تاج محل اپنی محبوب بیگم ممتاز محل کی یاد میں تعمیر کی
-

سوال.130. انڈیا گیٹ کہاں ہے؟

جواب- انڈیا گیٹ دہلی میں ہے-

سوال.131. انڈیا گیٹ کی تعمیر کس نے کی؟

جواب- انڈیا گیٹ کی تعمیر انگریز حکمرانوں نے کی-

سوال.132. پرویز شاہدی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

جواب: پرویز شاہدی کی پیدائش 1910ء میں پٹنہ سٹی کے لودی کٹرا محلہ میں ہوئی-

سوال.133. کتنے سال کی عمر میں پرویز شاہدی کے والدین اس دار فانی سے رخصت ہو گئے؟

جواب- طالب علمی کے زمانے میں ہی پرویز شاہدی کے والدین اس دار فانی سے رخصت ہو گئے-

سوال.134. پرویز شاہدی کی اہلیہ کا نام کیا تھا؟

جواب- پرویز شاہدی کی اہلیہ کا نام فضیلت النساء بیگم تھا-

سوال.135. پرویز شاہدی کے کسی دو شعری مجموعے کا نام لکھیئے؟

جواب- پرویز شاہدی کے دو شعری مجموعے رقص حیات اور تثلیث حیات ہیں-

سوال.136. تثلیث حیات کی اشاعت کب ہوئی؟

جواب- "تثلیث حیات" کی اشاعت آزادی ہند کے بعد ہوئی-

سوال.137. ندا فاضلی کہاں پیدا ہوئے؟

جواب- ندا فاضلی گوالیار میں پیدا ہوئے-

سوال.138. ندا فاضلی کو کون کون سے آوارڈس ملے؟

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

جواب–ندا فاضلی کو ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ، شکھر سمان، غالب ایوارڈ اور خسرو ایوارڈ جیسے اعزاز سے نوازہ گیا–

سوال.139. ندا فاضلی نے مشرق و مغرب کے کن کن ملکوں میں ہندوستانی ادبیوں کی نمائندگی کی؟

جواب–ندا فاضلی نے مشرق و مغرب کے امریکہ، یو.اے.ای. ، جرمنی، بنگلہ دیش، پاکستان، انگلینڈ ورماریشش وغیرہ میں ہندوستانی ادبیوں کی نمائندگی کی–

سوال.140. ندا فاضلی کی دو نظموں کے نام بتائے؟

جواب: ندا فاضلی کی دو نظموں کے نام بجلی کا کھمبا اور نظم بہت آسان تھی پہلے ہیں–

سوال.141. ندا فاضلی کے تین شعری مجموعے کا نام لکھئے؟

جواب– ندا فاضلی کے تین شعری مجموعے درج ذیل ہیں–

(۱) لفظوں کا پل (۲) مورناچ (۳) زندگی کی تڑپ

سوال.142. ندا فاضلی نے سماج کے کس طبقے کے مسائل کو اپنی نظموں میں ابھارا ہے؟

جواب: ندا فاضلی نے سماج کے کمزور اور پس ماندہ طبقے کے مسائل کو اپنی نظموں میں ابھارا ہے–

سوال.143. سید محمد جعفری کی پیدائش کب ہوئی؟

جواب– سید محمد جعفری کی پیدائش ۱۹۰۵ء میں ہوئی–

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.144. مزاح کے شاعر کون ہیں ان کا نام بتائے ؟

جواب: مزاح کے شاعر سید محمد جعفری اور اکبر الہٰ آبادی ہیں-

سوال.145. سید محمدؐ جعفری کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب- سید محمدؐ کے والد کا نام سید محمدؐ علی جعفری تھا-

سوال.146. سید محمدؐ جعفری کہاں پیدا ہوئے ؟

جواب- سید محمدؐ جعفری لاہور میں پیدا ہوئے-

سوال.147. سید محمدؐ جعفری کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

جواب: سید محمدؐ جعفری کے مجموعے کا نام شوخی تحریر ہے-

سوال.148. غالب کی پرورش کس کے زیر سایہ میں ہوئی؟

جواب- غالب کی پرورش ان کے چچا نصر اللہ بیگ خاں کے زیر سایہ ہوئی-

سوال.149. غالب کا پورا نام لکھئے ؟

جواب- غالب کا پورا نام اسد اللہ خان ہے-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.150. غالب کے والد کا نام بتایئے ؟

جواب- غالب کے والد کا نام عبداللہ بیگ تھا-

سوال.151.عارف کی موت پر مرثیہ کس نے لکھا؟

جواب: عارف کی موت پر مرزا غالب نے مرثیہ لکھا ہے-

سوال.152. مرزاشوق کا اصل نام کیا تھا؟

جواب- مرزاشوق کا اصل نام تصدق حسین خان تھا-

سوال.153. مرزاشوق کی پیدائش کب ہوئی ؟

جواب- مرزاشوق کی پیدائش۱۷۸۳ء میں ہوئی-

سوال.154. مرزاشوق کا خاندانی پیشہ کیا تھا؟

جواب- مرزاشق کا خاندانی پیشہ طبابت کا تھا-

سوال.155. مرزاشوق کا انتقال کب ہوا؟

جواب- مرزاشوق کا انتقال۱۸۷۱ء میں ہوا-

سوال.156. مرزاشوق کی مثنوی کا نام بتایئے ؟

جواب- مرزاشوق کی مثنوی کا نام فریب عشق ہے-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.157. دیاشنکر نسیم نے اپنی مثنوی میں کس کے واقعہ کو نظم کیا گیا؟

جواب- دیاشنکر نسیم نے اپنی مثنوی میں زین الملک اور گل بکاولی کے واقعہ کو نظم کیا ہے-

سوال.158. نسیم کا پورا نام کیا تھا؟

جواب- نسیم کا پورا نام پنڈت دیاشنکر کول تھا-

سوال.159. نسیم کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب- نسیم کی پیدائش ١٨١١ء میں لکھنؤ میں ہوئی-

سوال.160. دیاشنکر نسیم کس کے شاگرد تھے؟

جواب: دیاشنکر نسیم خواجہ حیدر علی آتش کے شاگرد تھے-

سوال.161. نسیم کی مشہور مثنوی کا نام لکھئے؟

جواب- نسیم کی مشہور مثنوی کا نام "گلزار نسیم" ہے-

سوال.162. نسیم کے والد کا نام لکھئے؟

جواب- نسیم کے والد کا نام گنگا پرشاد کول تھا-

سوال.163. مصحفی کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب- مصحفی کی پیدائش ١٧٤٨ء میں امروھہ میں ہوئی؟

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.164. مصحفی کی زیر نصاب مثنوی کا عنوان کیا ہے؟

جواب: مصحفی کی زیر نصاب مثنوی کا عنوان "جذبہ عشق" ہے-

سوال.165. مبارک عظیم آبادی کہاں پیدا ہوئے؟

جواب- مبارک عظیم آبادی تاجپور ضلع دربھنگا میں پیدا ہوئے-

سوال.166. مبارک عظیم آبادی کا سال پیدائش کیا ہے؟

جواب- مبارک عظیم آبادی کا سال پیدائش ۱۸۶۹ء ہے-

سوال.167. اپنے نصاب میں شامل مبارک عظیم آبادی کی غزل کا ایک شعر لکھئے؟

جواب: مبارک عظیم آبادی کا غزل کا ایک شعر

ہر قدم پر خوش جمالوں میں مبارک ہم لٹے
کیسی کیسی صورتیں گزری نظر سے کیا کہیں

سوال.168. مبارک عظیم آبادی کا انتقال کب ہوا؟

جواب- مبارک عظیم آبادی کا انتقال ۱۹۵۸ء میں ہوا-

سوال.169. مبارک عظیم آبادی کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب- مبارک عظیم آبادی کے والد کا نام فدا حسین وامق تھا-

سوال.170. اردو شاعری میں مبارک عظیم آبادی کے استاد کون تھے؟

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

جواب- اردو شاعری میں مبارک عظیم آبادی کے استاد داغ دہلوی تھے-

سوال.171. فارسی شاعری میں مبارک عظیم آبادی کے استاد کون تھے؟

جواب- فارسی شاعری میں مبارک عظیم آبادی کے استاد عبدالحمید پریشان تھے-

سوال.172. مبارک عظیم آبادی کے شعری مجموعہ کا نام کیا ہے؟

جواب- مبارک عظیم آبادی کے شعری مجموعہ کا نام "جلوہ داغ" ہے-

سوال.173. مبارک عظیم آبادی کا شعری مجموعہ کب شائع ہوا؟

جواب- مبارک عظیم آبادی کا شعری مجموعہ ۱۹۵۱ء میں شائع ہوا-

سوال.174. حکومت ہند نے مبارک عظیم آبادی کی ادبی کارگذاریوں کا اعتراف کب کیا؟

جواب- حکومت ہند نے مبارک عظیم آبادی کی ادبی کارگذاریوں کا اعتراف ۱۹۵٤ء میں کیا-

سوال.175. حکومت ہند نے مبارک عظیم آبادی کی ادبی کارگذاریوں کا اعتراف کرتے ہوئے کتنا وظیفہ مقرر کیا؟

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

جواب- حکومت ہند نے مبارک عظیم آبادی کی ادبی کارگذاریوں کا اعتراف کرتے ہوئے ۱۰۰ روپیہ ماہوار وظیفہ مقرر کیا۔

سوال.176. احمد فراز کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب- احمد فراز کی پیدائش ۱۹۳۳ء میں پشاور میں ہوئی۔

سوال.177. احمد فراز بنیادی طور سے کس مزاج کے شاعر تھے؟

جواب: احمد فراز بنیادی طور پر رومانی مزاج کے شاعر تھے۔

سوال.178. احمد فراز کی شاعری کا اصل محور کیا ہے؟

جواب: احمد فراز کی شاعری کا اصل محور روایتی حسن وعشق ہے۔

سوال.179. احمد فراز کس یونیورسٹی میں لیکچرر رہوئے؟

جواب- احمد فراز پشاور یونیورسٹی میں لیکچرر رہوئے۔

سوال.180. احمد فراز کس یونیورسٹی کے مینجنگ ڈائریکٹر ہوئے؟

جواب- احمد فراز نیشنل بک فانڈیشن پاکستان کے مینجنگ ڈائریکٹر ہوئے۔

سوال.181. احمد فراز کی شاعری کے کتنے مجموعے شائع ہوئے؟

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

جواب- احمد فراز کی شاعری کے بارہ مجموعے شائع ہوئے-

سوال.182. غزل عربی کے کس صنف سے ماخوذ ہے ؟

جواب- غزل عربی کے صنف قصیدہ سے ماخوذ ہے-

سوال.183. جس غزل میں ردیف نہ ہو اس غزل کو کیا کہتے ہیں ؟

جواب- جس غزل میں ردیف نہ ہو اسے غیر مردف غزل کہتے ہیں-

سوال.184. دکن کے کس شاعر کے ذریعہ اردو غزل شمال تک پہنچی ؟

جواب- دکن کے کس شاعر ولی دکنی کے ذریعہ اردو غزل شمال تک پہنچی-

سوال.185.غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

جواب- غزل کے آخری شعر کو مقطع کہتے ہیں-

سوال.186. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

جواب- غزل کے پہلے شعر کو مطلع کہتے ہیں-

سوال.187. حسن نعیم کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی ؟

جواب- حسن نعیم کی پیدائش ۱۹۲۴ء میں پٹنہ میں ہوئی-

سوال.188. حسن نعیم کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

جواب- حسن نعیم کا انتقال ۱۹۹۱ء میں ممبئ میں ہوا-

سوال.189. حسن نعیم کس ملازمت سے مستعفی ہوئے؟

جواب- حسن نعیم وزارت خارجہ کی ملازمت سے مستعفی ہوئے-

سوال.190. حسن نعیم کس ادارہ میں ڈائریکٹر کے عہدے پر مامور تھے؟

جواب- حسن نعیم غالب انسٹی چیوٹ کے ڈائریکٹر کے عہدے پر مامور تھے-

سوال.191. پروین شاکر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب- پروین شاکر ۲٤ نومبر ۱۹۵۲ء میں کراچی پاکستان میں پیدا ہوئے-

سوال.192. پروین شاکر کے اسلاف کا وطن کہاں ہے؟

جواب- پروین شاکر کے اسلاف کا وطن ہندوستان کے لہرایا سرے دربھنگا کے نزدیک محلّہ چندن پٹی تھا-

سوال.193. پروین شاکر کے والد کا نام بتایئے؟

جواب- پروین شاکر کے والد کا نام سید ثاقب حسین تھا-

سوال.194. پروین شاکر کے والد ہجرت کر کے کہاں گئے؟

جواب- پروین شاکر کے والد ہجرت کر کے کراچی پاکستان چلے گئے-

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

سوال.195. پروین شاکر کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی؟

جواب– پروین شاکر کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی اس کے بعد رضیہ گرلس اسکول میں ان کا داخلہ ہوا–

سوال.196. پروین شاکر نے مٹرک کا امتحان کس اسکول سے پاس کیا؟

جواب– پروین شاکر نے میٹرک کا امتحان رضیہ گرلس ہائی اسکول سے پاس کیا–

سوال.197. بی.اے کی تعلیم پروین شاکر نے کس کالج میں حاصل کی؟

جواب– بی. اے کی تعلیم پروین شاکر نے سرسید گرلز کالج میں حاصل کی–

سوال.198. کراچی یونیورسٹی سے انہوں نے کس کس سبجیکٹ سے ایم.اے کیا؟

جواب– .کراچی یونیورسٹی سے انہوں نے انگریزی اور لسانیت میں ایم.اے کیا–

سوال.199. ہاورڈیونیورسٹی امریکہ سے پروین شاکر نے کس سبجیکٹ میں ایم.اے کیا؟

جواب– ہاورڈیونیورسٹی امریکہ سے پروین شاکر نے بینک ایڈمنسٹریشن میں ایم.اے کیا–

سوال.200.عرفان صدیقی کا انتقال کس مرض کی وجہ سے ہوا؟

جواب– عرفان صدیقی کا انتقال برین ٹیومر کے مرض میں ہوا–

سوال.201. عرفان صدیقی کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

جواب- عرفان صدیقی کا انتقال لکھنؤ میں ۲۰۰٤ء میں ہوا۔

سوال.202. عرفان صدیقی کے مجموعے کس نام سے یکجا طور پر شائع ہوئے؟

جواب- عرفان صدیقی کے مجموعے "دریا" کے نام سے یکجا طور پر شائع ہوئے۔

سوال.203. عرفان صدیقی ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد کہاں سکونت پذیر ہوئے؟

جواب- عرفان صدیقی ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد لکھنؤ میں سکونت پذیر ہوئے۔

سوال.204. عرفان صدیقی نے کالی داس کے ڈراما "مالویکا اگنی مترم" کا ترجمہ کس نام سے کیا؟

جواب- عرفان صدیقی نے کالی داس کے ڈراما "مالویکا اگنی مترم" کا ترجمہ مالیکا اور اگنی مترم کے نام سے کیا۔

سوال.205. ظفر گورکھپوری کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی؟

جواب- ظفر گورکھپوری کی پیدائش ۱۹۳۵ء میں اترپردیش کے گورکھپور شہر میں ہوئی۔

سوال.206. ظفر گورکھپوری کی شاعری کی سب سے بڑی خصوصیت کیا ہے؟

جواب– ظفر گورکھپوری کی کی شاعری کی سب سے بڑی خصوصیت تجربے کا خوبصورت میلان ہے–

سوال.207. بچوں کے لئے ظفر گورکھپوری کے کون سے دو مجموعے شائع ہوئے ہیں؟

جواب– بچوں کے لئے ظفر گورکھپوری کے دو مجموعے شائع ہوئے ہیں ان کے نام درج ذیل ہیں–

(۱) ناچ کی گڑیا (۲) سچّائیاں

سوال.208. ظفر گورکھپوری نے کن کن ملکوں کا دورہ کیا؟

جواب– ظفر گورکھپوری نے امریکہ، سعودی عرب اور متحد عرب امارات کے دورے کئے–

سوال.209. سلام مچھلی شہری کس صنف شاعری کے شاعر ہیں؟

جواب– سلام مچھلی شہری گیت کے شاعر ہیں–

سوال.210. جمنا ندی ہمارے ملک کے کس صوبہ سے گذرتی ہے؟

جواب– جمنا ندی ہمارے ملک کے اترپردیش صوبہ سے گزارتی ہے–

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution

BY Ashfaque Sir
A A Online Solution